نوٹس

# 7

# حوالہ جاتی وسائل

## 7.1 تعارف

سبق ۵ اور ٦ میں آپ نے معلو مات کے وسائل اور متن کے مشمولات اور ان کی شکل اور مشکل کے اعتبار سے ان زمروں کے بارے میں پڑھا ہے۔ آپ یہ جان چکے ہیں کہ وسائل معلو مات کو ان کے معلوماتی متن کے اعتبار سے اجمالی طور پر بنیادی، ثانوی اور ثالثی تین درجوں میں رکھا جا سکتا ہے ۔ثانوی وسائل کو مزید اشاریہ قسم، سروے قسم، تراجم اور حوالہ جاتی وسائل کی قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ثانوی وسائل کی ابتدائی تین اقسام کا مطالعہ آپ تفصیل سے کر چکے ہیں ۔ اس سبق میں آپ حوالہ جاتی وسائل کی مختلف اقسام اور ان کی اہمیت کے بارے میں پڑھیں گے۔

## 7.2 مقاصد

اس سبق کو پڑھ لینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:۔

- حوالہ جاتی وسائل کی تعریف بیان کر سکیں،
- حوالہ جاتی وسائل کی ضرورت کو واضح کر سکیں،
- حوالہ جاتی وسائل اور دیگر وسائل معلو مات میں فرق کر سکیں،
- حوالہ جاتی وسائل کی مختلف اقسام کا شمار کر سکیں،



نوٹس

## حوالہ جاتی وسائل

- سالنامہ،تقویم ،لغت ،قاموس ، انسائیکلو پیڈیا، ڈائریکٹری اور سوانحی وسائل معلو مات کی تعریف بیان کرسکیں ،
- جغرافیائی وسائل معلو مات (نقشے ، چارٹ ،گلوب ،اٹلس، اور گائیڈ بک ، (جغرافیائی رہنما کتاب )کو بیان کرسکیں
- ہرآن لائن دستیاب مختلف حوالہ جاتی ت کی کمپیوٹری یا الیکٹرانیکی کتابوں شناخت کرسکیں ۔

## 7.3 حوالہ جاتی وسائل، کتابیں

حوالہ جاتی وسیلۂ معلو مات مختصر حقائق شماریاتی معلو مات، پس منظری معلو مات کے بارے میں جوابات فراہم کرتا ہے یا مزید وسیلہ معلو مات کی جانب رہنمائی کرتا ہے ۔حوالہ جاتی وسائل معیاری حیثیت کے ہوتے ہیں جو خاص قسم کی معلومات حاصل کرنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں ۔ اگر چہ'' حوالہ جاتی کتاب'' کی اصطلاح کثرت سے استعمال کی جاتی ہے تاہم کتابیں حوالہ جاتی وسائل، بھی ہوسکتی ہیں۔ سلسلہ وار شائع ہونے والی کتابیں آن لائن ڈاٹا بیس یا انٹرینٹ بھی ہوسکتی ہے۔ حوالہ کی کتابیں ہیں حوالے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ ان کا استعمال مسلسل مطالعے کے لیے نہیں ہوتا۔مثال کے طور پر آپ لغت (ڈکشنری) کا استعمال کسی لفظ کے معنی دیکھنے کے لیے کرتے ہیں۔ نصابی کتاب یا کہانی کی کتاب کی طرح اسے صفحہ بہ صفحہ نہیں پڑھتے ہیں ۔ حوالہ جاتی کتابوں میں ڈکشنری، انسائیکلو پیڈیا ہینڈ بک ،سالنامے تقویم جنتری ڈائریکڑیاں ،کتابیاتی وجغرافیائی وسائل شامل ہیں۔ آپ لغت اور انسائیکلو پیڈیا سے تو لازماً واقف ہوں گے ۔ کیونکہ آپ نے اپنی کلاس میں تفویض کے سلسلے میں یا گھر پر ان دونوں کو یا دونوں میں سے کسی ایک کو لازماً استعمال کیا ہوگا۔

لائبریرین عام طور پر لائبریری میں موجود حوالہ جاتی کتابوں کی مدد سے حوالہ جاتی خدمات فراہم کرتے ہیں ۔ یہ کتابیں خاص طور لائبریری میں آنے والوں کوفوری حوالہ جاتی خدمت Refrence service ready فراہم کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں ۔ بیشتر لائبریریوں میں یہ کتابیں گھر کے لئے جاری نہیں کی جاتی ہیں ۔اور انھیں ایک علیحدہ ریفرنس کلیکشن (حوالہ جاتی ذخیرۂ کتب) میں رکھا جاتا ہے۔ یہ عمل حوالہ جاتی وسائل کوفوری طور پر دستیاب اور آسانی سے دسترس کے قابل بنا دیتا ہے۔ اکثر حوالہ جاتی کتابیں خاص طور پر مطلوبہ معلو مات کو فوراً اور موزوں ترین مشکل میں فراہم کرنے کی



نوٹس

## حوالہ جاتی وسائل

غرض سے تیار کی جاتی ہیں ۔اس سبق میں جن مختلف حوالہ جاتی وسائل کا ذکر آئے گا، وہ یہ ہیں :۔

- لغات
- دائرۃ المعارف (انسائیکلو پیڈیا)
- دستی کتاب (ہینڈ بک)
- سال نامے (تقویم)
- کتابیاتی وسائل اور
- جغرافیائی وسائل

آ یئے شروعات لغت سے کرتے ہیں ۔

### 7.4 لغت (ڈکشنری)

انگریزی کا لفظ'' ڈکشنری''عہد وسطی کے لا طینی لفظ ڈکشیزیم Dictionariam سے نکلا ہے ۔ (جس کا مطلب ہوتا ہے الفاظ یا فقرات (Phrase کا مجموعہ )اورخود یہ لفظ ڈکشنریم بھی لا طینی اصطلاح 'ڈکٹیو' Dictio سے نکلا ہے جس کا مطلب ہوتا ہے''لفظ'' قدیم یونانی اور رومیوں نے سب سے پہلے ڈکشنری تیار کی تھی ۔لیکن زیادہ تر یونانی یا لاطینی لغات یا تو مشکل اور کم استعمال ہونے والے الفاظ کی فہرست ہوتی تھیں یا کسی مخصوص نوعیت کے الفاظ کی فہرست ہوتی تھیں ۔ جدید لغت ایک کتاب ہے جس میں ایک زبان کے الفاظ الف بائی ترتیب میں ان کے معانی کے ساتھ مرتب کے جاتے ہیں۔ بیشتر لغات میں ہمیں الفاظ کے معانی کے ساتھ ساتھ ان کے مترادف، متضاد بھی ہوتے ہیں اور الفاظ کے استعمال سے متعلق ہدایات اور دیگر معلومات بھی دی جاتی ہیں ۔بعض لغات میں کا اشتقاق، ان الفاظ کی اصل اور ان کی تاریخ بھی شامل ہو جاتی ہے۔لغت کی ایک مثال Chamber Distionary ہے۔

ایک دوسری حوالہ جاتی کتاب جو الفاظ ہی سے تعلق رکھتی ہے ۔ قاموسی Thesaurus ہے۔اس حوالہ جاتی کتاب میں ہم معنی یا ملتے جلتے معانی والے الفاظ (مترادف اور کبھی کبھی متضاد) کو ایک جگہ رکھا جاتا ہے۔ لغات کے برخلاف جو کہ الفاظ کے معانی اور ان کے تلفظ کو بتاتے ہیں۔قاموس (تھیسارس) خیالات اور ان کے متعلقہ الفاظ کے ادا کرنے میں مدد گار برتے ہیں۔



نوٹس

انگریزی زبان میں میرلم ویبسٹر کی تھیسارس اس کی بہترین مثال ہے۔

### 7.4.1 لغات کی اقسام

لغات میں مختلف قسم کے الفاظ کے معنی مذکور ہوتے ہیں۔ لغت میں روزمرہ کی زندگی میں بولے جانے والے عالمانہ الفاظ، تکنیکی الفاظ، عملی تحریروں میں استعمال ہونے والے الفاظ، محاورے، دوسری زبان سے لیے گئے الفاظ اور مرکبّات، سائنسی اور تکنیکی دریافتوں کے نتیجے میں ظاہر ہونے والے نئے الفاظ، اہم نام اور جغرافیائی نام وغیرہ شامل ہیں۔ درحقیقت کوئی بھی لغت کسی زبان کے تمام الفاظ کا احاطہ نہیں کرسکتی کیونکہ کوئی بھی زبان تبدیلی سے بری نہیں ہے اور مختلف مضامین میں جاری تحقیق کے کام کی وجہ سے بول چال یا تحریر میں ہر روز نئے الفاظ وجود میں آتے رہتے ہیں۔

الفاظ کی تعداد، اور معلومات کی وسعت کے لحاظ سے لغات کو درج ذیل خانوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

- عام لسانی لغات
- موضوعاتی لغات
- خصوصی مقاصد کے حامل لغات اور
- ذولسانی یا کثیر لسانی لغات

### (a) عام لسانی لغات

عام لسانی لغات کسی زبان کے تمام الفاظ، اسی زبان میں ان کے معانی، تعریف اور الفاظ کی وضاحت کا احاطہ کرتے ہیں۔ لغت کی زبان انگریزی، فرانسیسی، ہندی، جرمن یا روسی ہوسکتی ہے۔ مثال کے طور پر انگریزی زبان کی لغت میں انگریزی الفاظ اور انگریزی زبان میں ہی ان کے معانی دیے گئے ہوں گے۔ ان لغات کو یک لسانی ڈکشنری بھی کہا جاتا ہے۔

حجم (سائز) کے اعتبار سے عام لغات

(i) جامع مفصل کے لغت:

(ii) مختصر، کالج، ڈسک، ڈکشنری:

(iii) جیبی ڈکشنری:



نوٹس

## حوالہ جاتی وسائل

(i) **جامع مفصل کے لغت:** زبان کے تمام الفاظ، اور قدیم وجدید تمام الفاظ میرم ویبسٹر کی کا احاطہ کرتی ہے۔ مثال کے طور پر

Third New International Dictonery of the English Language.


تین جلدوں میں ہے اور 450,000 سے بھی زیادہ الفاظ پر مشتمل ہے۔ اس کا (نسخہ) MerriamWebster Unabridged On line dictionary ہے۔

(ii) **مختصر، کالج، ڈسک، ڈکشنری :** بیشتر عام اور جدید زمانہ میں استعمال ہونے والے الفاظ کا احاطہ کرتی ہے اور مفصل ڈکشنری کے مقابلے میں اس میں کم الفاظ ہوتے ہیں مثال کے طور پر


MerriamWebsterCollegiate Dictionary

کا 2003 میں شائع شدہ گیارہواں ایڈیشن، 65000 الفاظ پر مشتمل ہے۔


(iii) **جیبی ڈکشنری:** اتنی چھوٹی ہوتی ہے کہ فوری طور پر حوالے کی ضرورت کے لیے اسے جیب میں رکھا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر MerriamWebstePocket dictionaryr میں 40000 الفاظ ہیں۔





شکل: 7.4




شکل: 7.3




شکل: 7.2




شکل: 7.1

مختلف اقسام کی لغات (ڈکشنریوں) کی تصویریں۔

متوقع استعمال کرنے والوں کی عمر زبان کے معاملے میں ان کی قابلیت پر انحصار کرتے ہوئے

عام لسانی ڈکشنریاں:

(i) اسکولی طلبہ (کے جی سے لے کر ہائی اسکول تک) کی ضرورت پوری کرسکتی ہے۔



نوٹس

(ii) کالج کے طلبہ کی ضرورت پوری کرسکتی ہے،اور

(iii) بڑے بچوں افراد کی ضرورت پوری کرسکتی ہے

بچوں کی لغات: نصابی کتابوں سے متعلق الفاظ کا احاطہ کرتی ہیں۔ان میں الفاظ کے معانی اور تشریحات سادہ زبان میں لکھی ہوتی ہیں جنھیں بچے سمجھ سکیں۔بچوں کی ڈکشنری میں تصویریں بھی زیادہ ہوتی ہے تاکہ بچے لفظ کے بنیادی مفہوم کو سمجھ سکیں۔

MerriamWebsiters School Dictiponary: میں 100000 سے زیادہ الفاظ، تقریباً1000 تصاویر اور الفاظ کو استعمال کرنے کی تقریباً1500 مثالیں ہیں۔


معیاری وجامع قسم کی عام لسانی لغات شائع کرنے والے بیشتر مشہور ناشرین ان لغات کا مختصر، ڈیسک، کالج، ایڈیشن، تیز بچوں کا ایڈیشن بھی شائع کرتے ہیں۔ایسے ناشرین ان ایڈیشنوں پر مسلسل نظر ثانی کرتے رہتے ہیں۔ ہر نئے ایڈیشن میں وہ کچھ نئے الفاظ شامل کردیتے ہیں اور کچھ پرانے الفا ظ حذف کردیتے ہیں۔

یہ طریقہ ان ڈسک لغات کے لئے بالکل درست ہے۔جنھیں نوجوان افراد استعمال کرتے ہیں۔ ریڈیو ٹیلی ویژن،موسیقی،ٹیکنالوجی وغیرہ کے ذریعہ متعارف ہونے والے نئے الفاظ اوران کے جدید استعمال کے بارے میں طلبا کو ضرور معلومات حاصل ہونی چاہے۔

### (b) موضوعاتی لغات:

موضوعاتی لغات کا دائرہ موضوع کی اصطلاحات کی تعریف تک محدود ہوتا ہے۔آرٹس، انسانی علم، اورسماجی علوم سے لے کر سائنس اورٹیکنالوجی پر مطالعہ وتحقیق میں اضافے کی وجہ سے موضوعاتی لغت عام ہوتے جارہے ہیں مثال کے طور پر MeGraw .Hell Dictionary and Techanical Treams6th.edz

سائنس اورٹیکنالوجی اصطلاحات کی ایک جامع لغت ہے جو سائنس اورٹیکنالوجی کے 104 شعبوں علوم میں استعمال ہونے والی 115,000 سے زیادہ اصطلاحات اور 125,000 الفاظ کی تعریف کا احاطہ کرتی ہے۔





شکل:7.5


موضوعاتی ڈکشنری

### (c) مخصوص نوعیت کی حامل ڈکشنریاں


مخصوص نوعیت کے حامل لغات میں الفاظ کی مخصوص نوعیت یا ان کے مخصوص پہلوؤں پر بحث ہوتی ہے۔ الفاظ کے مخصوص پہلوؤں میں لسانیاتی پہلو (جیسے تلفظ، مترادف، متضاد وغیرہ)، یا ادبی پہلو (جیسے اقتباسات، محاورے، کہاوتیں وغیرہ) آتے ہیں۔ اگر چہ الفاظ کے ان پہلوؤں میں سے اکثر کا احاطہ عام لسانی لغات میں کیا جاتا ہے، تاہم مخصوص لغات ان پہلوؤں کا زیادہ جامع انداز میں احاطہ کرتے ہیں۔ مخصوص لغات عام لسانی لغات کے تکملہ کا کام کرتے ہیں۔ مخصوص نوعیت کے حامل لغات کی مثالیں درج ذیل ہیں۔




شکل:7.6




شکل:7.7




شکل:7.8

**کیمبرج انگریزی تلفظی لغت (Cambridge Englisgh Pronouncing Dictionary):** یہ لغت بول چال میں استعمال ہونے والے ہر لفظ کا برطانوی اور امریکی تلفظ بتاتی ہے۔ کیمبرج لغت موبائل کے لئے بھی دستیاب ہے۔

**کیمبرج ایڈیم ڈکشنری (Cambridge Idioms Dictionary):** یہ لغت برطانوی، امریکی اور آسٹریلیائی انگریزی میں استعمال ہونے والے 7000 سے زیادہ محاوروں کے مفہوم اور ان کے استعمال کی وضاحت کرتی ہے۔

**آکسفورڈ لغت برائے کوٹیشن (The Oxford Dictionary of Quotations):** انگریزی زبان اور کلچر میں بہت زیادہ استعمال ہونے والے مختصر اقوال/اقتباسات کی فہرست پیش کرتی ہے۔


### (d) ذولسانی اور کثیر لسانی لغات

دولسانی لغت میں ایک زبان کے الفاظ کے معنی دوسری زبان میں دیئے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر انگریزی۔ہندی لغت میں انگریزی الفاظ کے ساتھ ہندی میں ان ہی الفاظ کے معانی ہندی میں دیئے جاتے ہیں۔ اس قسم کی لغات ذولسانی لغات کہلاتی ہیں۔ کثیر لسانی لغت میں ایک زبان کے لفظ کے معنی دو سے زیادہ زبانوں میں دیئے جاتے ہیں۔ ان لغات کو لغت برائے ترجمہ نگاری Translationg Dictionary بھی کہا جاتا ہے۔ یہ لغات الفاظ کی تشریح نہیں کرتی ہیں، بلکہ ان کا ایک زبان سے دوسرے زبان سے ترجمہ کر دیتی ہیں۔ بہت سی لغات اپنی وسعت کے اعتبار سے کسی مخصوص موضوع جیسے فلکیات،


## حوالہ جاتی وسائل

حیاتیات (بایولوجی) اورالیکٹرانکس وغیرہ تک ہی محدود ہوتی ہیں۔

آکسفورڈ یونیورسٹی پریس متعدد دولسانی وکثیرلسانی لغات شائع کرتارہتا ہے۔




شکل:7.9 دولسانی لغات




شکل:7.10 کثیرلسانی لغات

ذولسانی اورکثیرلسانی لغات کی مثالیں:

**Concise Oxford Spanish Dictionary**: اشاعت چہارم، مطبوعہ 2009، ایک جامع انگریزی-اسپینی اور اسپینی-انگریزی لغت ہے جس میں 175,000 الفاظ، فقرے اور 200,000 سے زیادہ الفاظ کے مترادف تراجم ہیں۔لغت کا آن لائن نسخہ بھی دستیاب ہے۔(http://www.oup.com)

**Multi Lingual Biomedical Technical Dictionary**: (انگریزی، اسپینی، پرتگالی، فرانسیسی، جرمنی، سویڈش اورڈچ زبانوں میں) یہ لغت 40,000 الفاظ کے ساتھ سات زبانوں میں ان کے 40,000 مترادفات اوران کی تفصیلات کا احاطہ کرتی ہے۔

**Shabdkosh -English Hindi Dictionary** (http://www.shabdkosh.com) یہ ویب سائٹ انگریزی الفاظ کا ہندی اور ہندی الفاظ کا انگریزی ترجمہ فراہم کرتی ہے۔ بہت سی ویب سائٹس ترجمے کی مفت سہولت فراہم کرتی ہیں۔ان میں سے بعض نیچے دی گئی ہیں۔

http://www.freetranslation.com,

http://www.babylon.com



نوٹس

## متن پر مبنی سوالات 7.1

1۔ حوالہ جاتی وسائل کیا ہیں؟

2۔ عام لسانی لغت کسے کہتے ہیں۔اس کی اقسام کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے

3۔ ان معیارات کو شمار کر کے بتائے جو مخصوص نوعیت کی حامل لغت اور عام لغت کے درمیاں فرق کرتے ہیں۔

## 7.5 انسائیکلو پیڈیا

ایک کتاب یا ایسی بہت سی کتابوں کا مجموعہ ہوتی ہے جو علم کی تمام شاخوں پر معلومات فراہم کرتی ہے یا کسی وسیع موضوع پر مضامین فراہم کرتی ہے۔ الف بائی ترتیب میں مرتب ایک انسائیکلو پیڈیا میں افراد، اماکن (مقامات)، واقعات اور اشیا کے بارے میں معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ یہ علم کے تمام گوشوں سے متعلق بھی ہوسکتی ہے یا ایک ہی مضمون کے دائرہ تک بھی محدود ہوسکتی ہے۔ ایک عام قسم کی انسائیکلو پیڈیا دائرہ علم کے ہر مضمون سے متعلق معلومات پر مشتمل ہوتی ہے۔

خصوصی نوعیت کے انسائیکلو پیڈیا (دائرہ المعارف) کے مخصوص شعبوں جیسے آرٹس، سائنس، ٹیکنالوجی یا سماجی علوم کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرتے ہیں۔ خصوصی نوعیت کی حامل انسائیکلو پیڈیا کو مضامین انسائیکلو پیڈیا بھی کہتے ہیں۔

منصوبہ بند طور پر تیار کی جانے والی عام انسائیکلو پیڈیا میں انسانی علوم، انسانی عقائد، افکار ونظریات، انسانی کارناموں، انسانی دنیااور کائنات سے متعلق معلوماتی ہوتی ہے، انسائیکلو پیڈیا ان تمام حقائق و معلومات کو آسان اور عام فہم زبان میں پیش کرتی ہے۔

انسائیکلو پیڈیا کسی بھی چیز کے متعلق کون کہاں، کیا کب، کیسے اور کیوں جسے سوالات کے جوابات فراہم کرتی ہے عمومی انسائیکلو پیڈیا معلومات عامہ کو بہتر بناتی ہے۔ معروف موضوعات پر معلومات فراہم کرتی ہے۔ اور مضامین کے آخر میں کتابیات فراہم کرتی ہے جس سے متعلقہ موضوع پر مزید معلومات حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ مثال کے طور پر کمپیوٹر کے بارے میں مضمون بتاتا ہے کہ کمپیوٹر کیا



نوٹس

## حوالہ جاتی وسائل

ہے،اسے کس نے ایجاد کیااور کہاں ایجاد کیا ہے ۔ یہ مضمون یہ بھی بتاتا ہے ۔کہ کمپیوٹر کس طرح کام کرتاہےاور یہ لوگوں کے لئے کیوں اہم ہے۔انسائیکلو پیڈیا میں بیان کردہ کا طول کم یازیادہ ہوسکتا ہے۔ یہ ایک پیراگراف بھی ہوسکتا ہے اور 100 صفحوں پر بھی مشتمل ہوسکتا ہے۔اس کا انحصار موضوع باعنوان کی نوعیت ، قارئین اور انسائیکلوپیڈیا کی قسم( یک جلدی یا کثیر جلدی) پر ہوتا ہے۔ایک معیاری انسائیکلو پیڈیا میں جومضامین ہوتے ہیں وہ مضمون کے ماہرین کے لکھے ہوتے ہیں۔جن کوانسائیکلو پیڈیا کے اسٹاف، ایڈیٹر عنوانات اور رموز واوقاف کے پہلو سے پبلشنگ ہاؤس کی پالیسی کے مطابق درست کرتے ہیں۔ادارتی عملہ اس بات کو یقین بناتاہے کہ انسائیکلو پیڈیا کے ہر مضمون کا انداز تحریر کم وبیش ایک جیسا ہے اور عنوانات وذیلی عنوانات معیاری انداز میں تیار کیے گئے ہیں۔خیالات وافکار کو ضرورت کے اعتبار سے واضح کرنے اور سیکھنے کے عمل کو بہتر بنانے کی غرض سے تصاویر اور خاکے وغیرہ شامل کئے جاتے ہیں۔زیادہ تر انسائیکلو پیڈیا الف بائی ترتیب میں مرتب کیے جاتے ہیں۔بعض انسائیکلو پیڈیا موضوعات کے اعتبار سے بھی مرتب کے جاتے ہیں۔جیسے جلد اول حیوانات کے موضوع کے لیے مخصوص ہو دوسری جلدی ''نباتات''(پیڑ پودے)،زمین اور کائنات یا کسی دوسرے موضوع کے لیے مخصوص ہو۔

### 7.5.1 انسائیکلو پیڈیا کی اقسام

- انسائیکلو پیڈیا کو دوقسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:۔
- عام انسائیکلو پیڈیا اور موضوعاتی کا انسائیکلو پیڈیا۔

(i)۔ عام انسائیکلو پیڈیا: علم کے تمام شعبوں کا احاطہ کرتاہے۔مثال کے طور پر

Encyclopeadia Britanica

(ii)۔ موضوعاتی انسائیکلو پیڈیا: یا تو کسی ایک تنہا مضمون کا احاطہ کرتا ہے مثلاً Encyclopeadia of Physics یا چند مضامین کے مجموعے کا احاطہ کرتا ہے مثلاً

Encyclopeadia of Scince Technology.

عمومی انسائیکلو پیڈیا کی

(i)۔سائز یک جلدی (کثیر جلدی)

(ii)اور نشانہ قارئین • بچے،عمر رسیدہ افراد) کی بنیاد پر مزید تقسیم کی جاسکتی ہے۔



نوٹس


## حوالہ جاتی وسائل

عمومی انسائیکلو پیڈیا شائع کرنے والے بیشتر ناشرین بالغ افراد، طلبہ اور مختلف عمر کے بچوں کے لئے انسائیکلو پیڈیا کے مختلف مجموعے شائع کرتے ہیں۔ بچوں کے انسائیکلو پیڈیا میں جو مضامین ہوتے ہیں وہ سادہ زبان میں لکھے جاتے ہیں اور تصاویر سے مزین ہوتے ہیں تاکہ مضمون واضح اور قابل فہم ہو جائے۔


### انسائیکلو پیڈیا کی مثالیں:

Encyclopeadia Britamica انگریزی زبان کا ایک عام انسائیکلو پیڈیا ہے، جو انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا ان کارپوریشن کی جانب سے شائع ہوتا ہے۔ اس مجموعے میں 73,645 مضامین ہیں۔ جو مضامین تعلیم یافتہ بالغوں کو سامنے رکھ کر لکھے گئے ہیں۔اور تقریباً 100 اہم وقتی ایڈیٹروں اور 4000 سے زیادہ ماہر معاونین کے ذریعے لکھے گئے ہیں۔ اس کو انتہائی مستند اور علمی و تحقیقی انسائیکلو پیڈیا تصویر کیا جاتا ہے۔انسائیکلو پیڈیا کی 2010 کی اشاعت درج ذیل 32 جلدوں پر مشتمل ہے۔


- مائیکرو پیڈیا 12 جلدوں میں مختصر مضامین کے ساتھ اور بالعموم 750 الفاظ سے کم، فوری حوالے کے لئے
- میکرو پیڈیا 17 جلدوں میں طویل مضامین کے ساتھ (ایک موضوع پر دو صفحات سے 300 صفحات تک) عمیق مطالعہ کے لئے۔
- ایک جلدی پرو پیڈیا جو انسائیکلو پیڈیا میں بیان کردہ معلومات کا مختصر خاکہ پیش کرتی ہے، اور اشاریہ دو جلدوں میں۔



شکل:7.11




شکل:7.12




شکل:7.13





## حوالہ جاتی وسائل

یک جلدی مختصر بریٹینکا انسائیکلو پیڈیا میں 28,000 مختصر مضامین ہیں جو 32 جلدی برٹانیکا کا خلاصہ پیش کرتے ہیں۔

Britacica Students Encyclopeadia: 16 جلدوں پر مشتمل برٹانیکا کی طلبا کے لیے انسائیکلو پیڈیا جو 3,300 تصویریوں، خاکوں، چارٹوں اور جلدوں کے ساتھ 2,300 مضامین پر مشتمل ہے تا کہ وہ طلبا کے لئے لائق توجہ ہو سکے اوران کے لئے کارآمد ہو سکے۔ انسائیکلو پیڈیا میں دنیا کے مختلف ممالک کے 1000 نقشے اور جھنڈے دے گئے ہیں۔

انفارمیشن ٹیکنالوجی کے میدان میں جدید پیش قدمی کی بدولت اور الیکٹرانک انسائیکلو پیڈیا مثلاً مائیکروسافٹ اینکارٹا اور ''وکی پیڈیا'' کے ظہور نے مطبوعہ انسائیکلو پیڈیا کی اہمیت کم کر دی ہے۔ انسائیکلو پیڈیا کے ناشر نے انسائیکلو پیڈیا کا الیکٹرانک ترجمہ سی ڈی۔روم، ڈی وی ڈی اور ورلڈ ویب پر فراہم کر دیا ہے۔

انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا آن لائن 32 جلدوں پر مشتمل مطبوعہ انسائیکلو پیڈیا کے مشن کے علاوہ ان اضافی مضامین اور تصاویر پر مشتمل ہے۔ جو مطبوعہ نسخے میں نہیں ہیں۔ یہ 2000 سے زیادہ مضامین پر مشتمل ہے۔ یہ سائٹ عام زبان میں تلاش کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ اوراس میں A تا Z کہیں بھی کچھ بھی اخذ کرنے کی سہولت ہے۔ اس میں انسائیکلو پیڈیا کی خریداری سالانہ، ماہانہ، یا ہفتہ دار کی بنیاد پر دستیاب ہے، اسکولوں، کالجوں، اور لائبریریوں کو خریداری کے خصوی پلان دیے جاتے ہیں۔

(http/www.britanica.com)

(b) مضامین انسائیکلو پیڈیا:

مضامین انسائیکلو پیڈیا کسی مخصوص شعبہ علم، مثلاً آرٹس، سائنس، اور ٹیکنالوجی، سماجی علوم وغیرہ پر مفصل معلومات فراہم کرتی ہے مضامین انسائیکلو پیڈیا کی تعداد ہزاروں میں ہے۔ ان میں محدود اور وسیع دونوں ہی شعبوں پر مضامین دستیاب ہیں۔ کثیر جلدی مضامین کے ساتھ ساتھ ایک جلدی مضامینی انسائیکلو پیڈیا بھی دستیاب ہیں بعض مضامین کے انسائیکلو پیڈیا یا متعلقہ مضمون کے ماہرین کے لئے اور بعض طلبہ اوراس موضوع میں دلچسپی رکھنے والے عام قارئین کے لئے تیار کئے جاتے ہیں۔

مضامین انسائیکلو پیڈیا کی مثالیں:

McGrow Hill Encylopeadia of Scince And Technology دسویں اشاعت، انگریزی، زبان م کا 20 جلدی انسائیکلو پیڈیا ہے جس میں خصوصی طور پر سائنس اور ٹیکنالوجی کے موضوع

## حوالہ جاتی وسائل

نوٹس

پر توجہ دی گئی ہے۔ یہ انسائیکلو پیڈیا حیا تیات، علم طبیعات اور اسی طرح انجینئرنگ اور ٹیکنا لو جی کے موضوعات کا احاطہ کرتی ہے۔

میگروہل MegrowHill کی ویب سائٹ ''Access Scince'' اس انسائیکلو پیڈیا کے آن لائن نسخے تک دست رس فراہم کرتی ہے۔ Megrow Hill concise Encylopeadia of Scince and Technology

ایک یک جلدی انسائیکلو پیڈیا ہے جسے انسائیکلو پیڈیا کے مکمل سیٹ کی بنیاد پر ہی تیار کیا جا تا ہے۔ اس کی چھٹی اشاعت کا تازہ ترین ایڈیشن 2009 میں شائع ہوا ہے۔

(http//www.professional)

Encylopeadia of library Information Scince مرتبہ ایلن کینٹ، مطبوعہ مارسیل ڈیکر 35 جلدوں کا مجموعہ ہے (33 جلدیں اصل انسائیکلو پیڈیا کی اور 2 جلدیں اشاریہ کی ہیں) جو لائبریرین حضرات، کمپیوٹر سائنٹسٹ اور لائبریری وانفارمیشن سائنس کے طلبا کو لائبریری اور انفارمیشن سائنس دونوں کے اصول وضوابط اور آلات کا ر تک مناسب رسائی فراہم کرتی ہے۔ اس میں شامل مضامین 1300 ماہرین موضوع کے ذریعہ تیار کئے گئے ہیں۔ انسائیکلو پیڈیا کا ناشر پابندی سے اس کا ضمیمہ شائع کرتا ہے۔ (ہر ضمیمہ A تا Z معلومات کا احاطہ کرتا ہے) جو نئے رجحانات کو نمایاں کرتا ہے۔ مضامین، میں تازہ پیش رفت کو واضح کرتا ہے۔ اور تیزی سے بڑھتے ہوئے علوم کے میدانوں میں قابل ذکر اضافہ کرنے والے افراد کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے اب تک اس کے 36 ضمیمے شائع ہو چکے ہیں۔ (جلد 36 جلد 72)

### متن پر مبنی سوالات 7.2

1۔ عام انسائیکلو پیڈیا کی تعریف بیان کیجئے۔ عام انسائیکلو پیڈیا کا مقصد کیا ہوتا ہے۔

2۔ عام انسائیکلو پیڈیا کی درجہ بندی آپ کیسے کریں گے۔

3۔ عام انسائیکلو پیڈیا اور مضامین انسائیکلو پیڈیا کے درمیان فرق کو واضح کریں۔

نوٹس

## حوالہ جاتی وسائل

### 7.6 ایئر بک (سالنامہ)


ایئر بک (سالنامہ) جیسا کہ نام سے ظاہر ہے معلومات کی ایسی کتاب ہے جو ہر سال شائع ہوتی ہے۔ ایئر بک کا مقصد کسی ایک ملک یا دنیا بھر میں گزشتہ سال کے دوران پیش آنے والے واقعات کا یکجا کرنا ہے۔

ایئر بکس جس قسم کی معلومات پر مشتمل ہوتی ہیں اور ان کا جو دائرہ کار رہوتا ہے ان دونوں کی بنیاد پر اسے درج ذیل طریقے پر تقسیم کیا جا سکتا ہے:۔


- بین الاقوامی ایئر بک
- قومی ایئر بک
- مضامینی ایئر بک

7.6.1 بین الاقوامی ایئر بک (سالنامے): دنیا کے ہر ملک کے بارے میں قابل اعتماد اور آسانی سے استعمال کے لائق اعداد و شمار فراہم کرتی ہے۔ مثال کے طور پر میک میلن کی شائع کردہ The statenment 2012 year book، دنیا کے ہر ملک (193 مما لک) کے سیاسی معاشی اور سماجی حالات کے حقائق تجزیہ فراہم کرتی ہے۔ یہ ایئر بک دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ بین لاقوامی تنظیموں پر معلومات فراہم کرتا ہے اور دوسرے میں الف بائی ترتیب میں دنیا کے مما لک کا ذکر ہے۔


(http://www.usmenillah.com)




شکل:7.14




شکل:7.15




شکل:7.16



نوٹس

Finger of Year Books

**7.62 قومی سالنامے (ایئر بک):** یہ کسی ایک ملک کے سماجی, معاشی، اور سیاسی حالات پر حقائق فراہم کرتی ہیں، قومی ایئر بک کو مستند شمار کیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر Indain2012: A Refernce Annual کا چھٹا ایڈیشن ایک قومی سالنامہ ہے جو وزارت اطلاعات ونشریات کے شعبہ اشاعت کی جانب سے شائع کیا جاتا ہے۔ یہ ایئر بک (سالنامہ) ہندوستان کے متعلق متعدد موضوعات مثلاً معاشیات، دیہی وشہری صنعت، بنیادی ڈھانچہ، فنون وثقافت، سائنس وٹکنالوجی، صحت، دفاع، عوامی ذرائع وغیرہ پر معلومات فراہم کرتا ہے۔

(http://www.Publication .division.in)

**7.6.3 مضامین سالنامہ (ایئر بک):** جو سالنامہ کسی خاص مضمون یا چند مضامین کے مجموعے تک محدود ہو وہ مضامین سالنامہ (ایئر بک) کہلاتا ہے۔ Megrow hill year book of Scince Technalogy 2013 ایک مضامین سالنامہ ہے۔

## 7.7 المیناک (تقویم یا جنتری)

المناک ایک ایسی حوالہ جاتی کتاب ہوتی ہے جو عام طور پر سال میں ایک بار شائع ہوتی ہے۔ یہ مختلف اقسام کی معلومات پر مشتمل ہوتی ہے۔المیناک اشاعت کے اپنے شروع کے دنوں میں سورج گرھن کی تفصیلات کے ساتھ مہینوں کا کلینڈر سیاروں کی نقل وحرکت اور سورج، چاند تاروں کے نکلنے اور ڈوبنے کی تفصیلات فراہم کیا کرتا ہے۔موجودہ دور میں المیناک دنیا بھر کے لئے جامع طور پر اعدادوشمار اور وضاحتی ڈاٹا کو جامع طور پر پیش کرتے ہیں۔جن اہم موضوعات کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ (کسی ملک کا) جغرافیہ حکومت ڈیموگرافائی حقائق ومعلومات، زراعت، معاشیات، تجارت، صحت وادویہ، سائنس اور ٹکنالوجی وسائل نقل وحمل کھیل کود، انعامات و اعزازات شامل ہیں۔ اس کے مشتملات میں گزشتہ سال کے دوران پیش آئے واقعات پر روشنی ڈالنے والے مضامین اور اسی طرح تازہ ترین واقعات کا خلاصہ بھی شامل ہوتا ہے۔آج کل المیناک بھی کافی حد تک ایئر بک ہی کی طرح ہوتے ہیں۔شماریاتی معلومات یا اعدادوشمار سے متعلق حقائق کے سلسلے میں دونوں کا ہی انحصار سرکاری وسائل پر ہوتا ہے۔صرف فرق یہ ہے کہ المیناک فلکیاتی ڈاٹا فراہم کرتے ہیں۔ جو ایئر بک میں نہیں




نوٹس


ہوتے۔

المیناک کی مثالیں:

World Almanac and book of facls 2012امریکہ سے بارنس اینڈ نوبل کی جانب سے ہرسال شائع ہوتا ہے۔ Whilakears Almanac 2012انگلینڈ سے اے اینڈ سی بلیک پبلشرز کی جانب سے ہرسال شائع ہوتا ہے۔




شکل:7.17




شکل:7.18

Fingers of Almanacs

## متن پر مبنی سوالات 7.3

1۔ ایئر بک کی تعریف بیان کیجئے اور اس کی قسمیں لکھئے۔

2۔ المیناک کسے کہتے ہیں المیناک اور ایئر بک کے درمیان فرق کو واضح کیجئے۔

## 7.8 ہینڈ بک (دستی کتاب)

لفظ ہینڈ بک جرمن لفظHand buchسے لیا گیا ہے۔ جس کا مطلب ہوتا ہے ایک مفید اور کار





آمد معلومات فراہم کرنے والی چھوٹی کتاب۔ ''ہینڈ بک'' کی اصطلاح کا لفظی معنی ہے ایک ایسی کتاب جو ہاتھ پر رکھی جا سکے اور استعمال کرنے میں آسانی ہو کیوں کہ یہ مفید معلومات و حقائق پر مشتمل ہوتی ہے۔ اور ساتھ رکھنے کے لئے موزوں ہے۔ ہینڈ بک تعریف کے اعتبار سے ایک مختصر حوالہ جاتی کتاب ہوتی ہے۔ جو ایک موضوع یا مضمون پر مخصوص معلومات یا ہدایات فراہم کرتی ہے۔ ایک مضمون کی ہینڈ بک بنیادی طور پر ایک مضمون پر مختصر معلومات فراہم کرتی ہے۔ چونکہ یہ استعمال میں آسان اور فوری حوالہ دینے کے مقصد سے مرتب ہوتی ہے۔ اس لئے استعمال میں آسانی کے ساتھ اور فوری جوابات فراہم کرنے کے مقصد سے تیار کی جاتی ہے۔ اسی لئے تجربہ گاہوں اور صنعتی پیشہ ور ماہرین اسے وسیع پیمانے پر استعمال کرتے ہیں۔ سی آر سی پریس بڑی تعداد مین ہینڈ بکس (دستی کتاب) منظر عام پر لاتی ہے۔ چند مثالیں:

Hand book of Chemistry and physics

Hand book of lipid Bilayers

(http://www.crc press.com)

## 7.9 مینول (امدادی ہدایتی کتاب)

''مینول'' کی اصطلاح لاطینی اصطلاح manuals سے لی گئی ہے جس کا مطلب ہوتا ہے عملی ہدایتی کتاب یا گائیڈ بک–مینول میں بنیادی طور پر کسی کام کے کرنے کے لیے ہر مرحلہ کے لئے ہدایات دی جاتی ہے کہ کسی مخصوص کام کو کیسے انجام دیا جائے یا کسی مشین کو کیسے چلایا جائے۔ جب آپ کوئی گھریلو سامان خریدتے ہیں مثلاً ٹیلی ویژن، ایئر کنڈیشنر، اودین (برقی چولھا) یا موبائل فون تو آپ کو ان سامانوں کے ساتھ ایک مینول (رہنما کتاب) بھی فراہم کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر Work book (کھانا پکانے کی کتاب) ایک مینول رہنما کتاب ہے۔

## 7.10 ڈائریکٹری

ڈائریکٹری افراد اور تنظیموں کے نام اور پتوں کی فہرست ہوتی ہے۔ لائبریری کا استعمال کرنے والوں کی جانب سے پوچھے جانے والے مختلف سوالات کے جوابات فراہم کرنے کے لئے ڈائریکٹری



نوٹس

## حوالہ جاتی وسائل

لائبریری کے اندر اہم حوالہ جاتی وسیلے کا کام کرتی ہے۔ڈائریکٹری کو وسیع طور پر اس طرح منقسم کیا جا سکتا ہے۔

- عام قسم کی ڈائریکٹریاں
- خصوصی نوعیت کی ڈائریکٹریاں

### 7.10.1 عام قسم کی ڈائریکٹریاں


ٹیلی فون ڈائریکٹریاں عام قسم کی ڈائریکٹریوں کے تحت آتی ہیں۔ ٹیلی فون ڈائریکٹریوں سے آپ لازماً واقف ہوں گے۔ ملک کے ہر شہر کی ایک ٹیلی فون ڈائریکٹری ہوتی ہے۔ جو ٹیلی فون نمبر اور نمبر کے متعلقہ اشخاص کے نام اور پتے فراہم کرتی ہے۔ یہ ڈائریکٹریاں عام طور پر ڈاک خانے یا ٹیلی گراف ڈپارٹمنٹ کے ذریعے مرتب کی جاتی ہے۔

### 7.10.2 خصوصی نوعیت کی ڈائریکٹریاں


یہ ڈائریکٹریاں اعلیٰ سطحی تعلیم کے اداروں مثلاً یونیورسٹیوں اور کالجوں کی فہرست پیش کرتی ہیں۔ ہر تعلیمی ادارے کے تحت مختلف کورس فراہم کی گئی سہولیات، اصول وضوابط اور اسٹاف کے نام وغیرہ فراہم کیے جاتے ہیں۔ یہ ڈائریکٹریاں اپنے مشتملات کے اعتبار سے قومی بھی ہوسکتی ہیں اور بین الاقوامی بھی۔ مثال کے طور پر The Europa world of learning2012 63ویں ایڈیشن، ایک بین الاقوامی ڈائریکٹری ہے۔ یہ مطبوعہ اور آن لائن دونوں شکلوں میں دستیاب ہے۔

(http://www.rouledge.com)


University Hnad book 32 nd edition 2012 دو جلدوں میں سے جسے مطبوعہ ازایسوسی ایشن آف یونیورسٹیز (AIU) نے شائع کیا ہے۔ یہ ایک بین الاقوامی ڈائریکٹری ہے جو ہندوستان میں موجود یونیورسٹی سطح کے 34 اداروں کی فہرست فراہم کرتی ہے۔




شکل:7.19




شکل:7.20




شکل:7.21

اس قسم کی ڈائریکٹری سے مختلف تعلیمی اداروں کے ذریعے شروع کیے گئے کورسوں، ان کی مدت تعلیم، ان کے لیے مطلوبہ لیاقت، داخلہ کی آخری تاریخ، لائبریری اور سرچ کی سہولیات، اسکالرشپ، فیلوشپ اور سینئر اساتذہ اور پروفیسر کے نام وغیرہ کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ یہ ڈائریکٹر ہر سال میں ایک بار شائع ہوتی ہے۔

### پیشہ داروں کی ڈائریکٹریاں:

دنیا میں ہزاروں سوسائٹیاں اور انجمنیں ہیں جن کا تعلق تقریباً علم کے تمام نمایاں اور اہم شعبوں سے ہے۔ ان انجمنوں کے ارکان کے وہ ماہرین ہوتے ہیں جو اپنے متعلقہ مخصوص میدان کے ماہر ہوتے ہیں۔ اس قسم کی انجمنیں اپنے ارکان کی تفصیلات فراہم کرنے والی ڈائریکٹریاں مرتب کرتی ہے۔

مثال: The university of Adelaid Professional Dereclory

تجارتی وکاروباری ڈائریکٹریاں۔ یہ ڈائریکٹریاں تجارت، کاروبار اور صنعت کے متعلق فراہم کرتی ہے۔ مثال کے طور پر Kothari Industrial Directory of india 1996 کا 40ویں اشاعت مطبوعہ کوٹھاری انٹرپرائزیز۔





### متن پر مبنی سوالات 7.4

1۔ ہینڈ بک اور مینول کے درمیان فرق کو واضح کریں۔

2۔ ڈائریکٹریوں کا مقصد کیا ہوتا ہے۔ڈائریکٹریوں کے مختلف اقسام لکھیے۔

## 7.11 جغرافیہ سے متعلق معلومات کے وسائل

جغرافیائی وسائل معلومات میں نقشے ایٹلس گلوب، گزیٹیر اور گائیڈ بک (رہنما بک) شامل ہیں۔ یہ وسائل معلومات مقامات، افراد، ندیوں، پہاڑوں، جنگلات اور جھیلوں وغیرہ کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔ لائبریری قارئین کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے لائبریریاں اپنے حوالہ جاتی ذخیرے میں جغرافیائی وسائل معلومات کا اہتمام کرتی ہیں، اگر چہ دیگر حوالہ جاتی وسائل مثلاً ڈائریکٹریوں، انسائیکلوپیڈیا، ایئر بک اور المیناک وغیرہ کے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں۔لیکن وہ صرف منتخب اور مشہور رومقامات کا ہی ذکر کرتے ہیں۔جغرافیائی وسائل معلومات کا یہ خاص مجموعہ ان موضوعات کا جامع انداز میں احاطہ کرتا ہے اور خاص طور سے اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ اس سے یہ مطلوبہ معلومات فوراً حاصل ہو جائے۔وسائل معلومات یہ مجموعہ درج ذیل تین قسم کے وسائل پر مشتمل ہوتا ہے۔

- نقشہ جات، اٹلس اور گلوب،
- کریٹر، اور
- گائیڈ بک (رہنما سفر)

### 7.11.1 نقشے، اطلس اور گلوب:

نقشہ زمین کی سطح یا اس کے کسی حصے کا تصویری اظہار ہے، نقشہ کے ذریعے ملک، شیر، دریا، جھیلیں اور پہاڑ وغیرہ دکھائے جاسکتے ہیں۔نقشہ آسمان کی ڈرائنگ بھی ہوسکتی ہے جس میں ستاروں اور سیاروں کے مقامات کو دکھایا جاسکے۔



نوٹس

### نقشوں کی اقسام:

نقشوں کی بہت سی قسمیں ہیں۔ان میں جانی پہچانی قسمیں حسب ذیل ہیں۔

- عمومی حوالہ جاتی نقشے
- موضوعی نقشے

### عمومی حوالہ جاتی نقشے

عمومی حوالہ جاتی نقشوں سے بہت سی جغرافیائی خصوصیات کی شناخت اور نشاندہی کی جاسکتی ہے۔ ان نقشوں میں زمین کی خصوصیات، پانی کی حدود، سیاسی حدود، شہر، قصبات اور بہت سی دیگر چیزیں دکھائی جاسکتی ہیں۔

### سیاسی نقشے:

جن نقشوں کے ذریعے ملکوں کی سرحدیں، ریاستیں، براعظم اور دیگر سیاسی اکائیوں کو دکھایا جاسکتا ہے ان کو سیاسی نقشے کہا جاتا ہے۔

### فزیکل نقشے

جن نقشوں کے ذریعے زمین کی سطح کی ظاہری یا فزیکل خصوصیات کی نشاندہی ہوسکے ان کو فزیکل نقشے کہا جاتا ہے۔ پہاڑ، دریا اور جھیلیں وغیرہ سطح زمین کی فزیکل خصوصیات ہیں۔

### سڑکوں کے نقشے، راستوں کے نقشے اور چارٹس:

کچھ نقشے اس لیے بنائے جاتے ہیں تاکہ ان سے ایک مقام سے دوسرے مقام تک کا راستہ معلوم ہوسکے۔ یہ نقشے زمین پانی یا ہوا میں سفر کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔جس نقشے میں سڑکوں کے مختلف زمرے جیسے موٹر ویز، چار لین، چھے لین کی سڑکیں دکھائی جاتی ہیں ان کو روڈ میپ یا سڑکوں کے نقشے کہا جاتا ہے۔ ان نقشوں سے چھوٹے بڑے شہر، پارک اور ان سڑکوں سے جڑے مقامات دکھائے جاسکتے ہیں۔ اسٹریٹ نقشے بھی روڈ نقشوں کی طرح ہی ہوتے ہیں لیکن ان میں ایک چھوٹے رقبے کی زیادہ تفصیلات دی جاتی ہیں۔جس نقشے میں بحری جہاز یا ہوائی جہاز کے راستے دکھائے جاتے ہیں۔



نوٹس

ان کو چارٹ کہا جاتا ہے۔

لوگ عمومی حوالہ جاتی نقشوں کو مخصوص مقامات کی نشاندہی یا دیگر مقامات کے حوالے سے ان مقامات کی نشاندہی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

## موضوعاتی نقشے:

موضوعاتی نقشے مخصوص نوعیت کی خصوصیات (جیسے آبادی، بارش) یا قدرتی وسائل (جیسے کوئلہ، پیٹرولیم، دھاتیں اور کانیں وغیرہ) کی تقسیم کو ظاہر کرتے ہیں۔

بہت سے موضوعاتی نقشے علامات یا رنگوں کے ذریعے مختلف مقداروں کا اظہار کرتے ہیں۔

## گلوب:

ایک ایسا نقشہ ہے۔ جو ایک کھوکھلے گولے کے اوپر چھاپا یا چپکا دیا جاتا ہے۔صرف ایک گلوب ہی بحیثیت مجموعی تمام زمین کی درست تصویر دے سکتا ہے۔کیونکہ گلوب کی سطح زمین کی سطح کی ہی طرح گول ہوتی ہے۔زمین کے خشک علاقوں اور سمندروں کے عناصر کا طول وعرض اور جائے وقوع کو گلوب پر بالکل اسی طرح دکھایا جاتا ہے جیسا کہ وہ حقیقت میں زمیں پر ہیں۔

## قومی نقشہ جات اور اٹلس

نقشوں اور اٹلس کی مقبریت ادارتی عملہ اور نقشہ سازوں کی مہارت پر منحصر ہے۔ بیشتر مما لک میں نقشہ جاتی سروے کے لئے اپنی خود کی ایجنسیاں ہوتی ہیں۔ ہندوستان میں ہماری ایجنسی کا نام سروے آف انڈیا دہرادون ہے۔یہ ایک اہم قومی نقشہ ساز ایجنسی ہے۔ اس تنظیم کے ذمہ نقشہ بنانے پر جغرافیائی وطبعی نقشے تیار کرنے اور فضائی چارٹس بنانے کا کام ہے۔

نیشنل ایٹلس اینڈ تھیمیٹیک ارگنائزیشن اف انڈیا(NATMO) کو لکاتا ایک ایسی تنظیم ہے جو ہندوستان کا قومی نقشہ موضوعاتی نقشے اور ڈیجیٹل نقشے تیار کرتی ہے۔

ہندوستان کے قومی اٹلس، موضوعی نقشہ جات اور ہندسی نقشہ جات Digital map بناتی ہے۔

National Altas of india کا ہندی میں بھارت راشٹریہ اٹلس ہے۔یہ پہلی بار ناٹمو (NATMO) کی جانب سے 1957 میں شائع ہوا تھا۔اس میں 26 ملٹی کلر نقشے ہیں جو ملک کی طبعی اور

## حوالہ جاتی وسائل


سماجی و ثقافتی تصویر کشی کرتے ہیں۔ بھارت راشٹریہ اٹلس کا ہدف 300رنگین نقشے تیار کرنا ہے جو اٹھ جلدوں میں شائع ہوگا۔ یہ ملک کے بڑے علاقے، افراد اور معاشیات کے تمام پہلوؤں کو محیط ہوگا۔

(http://www.natmo.gov.com)

نوٹس

### بین الاقوامی نقشے اور اٹلس

13 he Times corprehensic Altas of the word کا تیراھواں ایڈیشن مطبوعہ 2011 دنیا کا جامع ترین اٹلس ہے جس میں دولاکھ سے زیادہ مقامات کے ناموں کا اشاریہ بھی شامل ہے۔ اٹلس کے آغاز میں جغرافیہ کے مختلف شعبہ کے ماہرین کی جغرافیہ اور اس سے اور ان مسائل پر مفصل معلومات فراہم کرتی ہے جن سے آج دنیا دو چار ہے۔ حیاتیاتی تنوع موسمی تبدیلیاں، ماحولیاتی خطرات، عالمی رسل ورسائل حیاتیاتی تنوع اور توانائی کے وسائل اور ان مسائل کی وضاحت کے لئے نقشے تصاویر اور ایسے خاکے بھی شامل ہیں جو موجودہ دور کی طبعی دنیاPhysial world اور اس کے ساتھ انسان کے روابط کا تصویر اظہار کرتے ہیں۔




شکل:7.22



نوٹس



اس ناشر نے اٹلسوں کی اشاعت کا ایک وسیع سلسلہ شائع کیا ہے۔ان میں سے چند کے نام درج ذیل ہے۔

The Times concise Altas of The world

The Times Altas of the World Desktop Edition

The Times Altas of The World Mini Edition

(http://www.times atlas.com)

## 7.11.2 گزٹیر (فرہنگ جغرافیہ)


گزٹیر (فرہنگ جغرافیہ) جغرافیائی ناموں کی ایک ڈکشنری ہے۔اس میں کسی ایک مخصوص علاقے کے مقامات سمندروں، پہاڑوں، اور دیگر جغرافیائی اکائیوں کے نام کے ساتھ ساتھ ان مقامات کی تاریخ، معاشی ترقی، جغرافیہ اور آبادی کی فہرست شامل ہوتی ہے۔گزٹیر حوالہ جاتی وسیلے طور پر ملک ریاست یا ضلع سے متعلق تاریخی، سماجی، ثقافتی، سیاسی، صنعتی، آبادی، اور انتظامی ڈھانچے کی تفصیلات فراہم کرتا ہے۔

اس میں موجود مشتملات کی بنیاد پر، گزٹیر کو درج ذیل قسموں میں بانٹا جا سکتا ہے۔

- بین الاقوامی گزٹیر
- قومی گزٹیر، اور
- مقامی گزٹیر

### بین الاقوامی گزٹیر

National Webstents geographical Dictionary 3rd editionایک بین الاقوامی گزٹیر (جغرافیائی فرہنگ) ہے جس میں 54,000 اندراجات کے علاوہ 250 مفصل نقشہ جات ہے۔




تصویر7.23 جغرافیائی ڈکشنری

نوٹس

### قومی گزیٹیر

(Gazetteer of India Union New Delhi 1965–78) گزیٹیر آف انڈیا۔انڈین یونین

چار جلدیں

جلد اول: ملک اور آبادی

جلد دوم: تاریخ وثقافت

جلد سوم: معاشی ڈھانچہ اور سرگرمیاں

جلد چہارم: انتظامیہ اور امورعامہ

### ضلع گزٹیر

Singh Raghbir Ranga Jeel Ramed Haryana Dictionary

Gazetteer Chandigarah Haryana Gzetteer Organization 1986



نوٹس

### 7.11.3 گائیڈ بک (رہنما کتاب)

گائیڈ بک بنیادی طور پر سفری رہنما یا سیاحتی رہنما کتابیں ہوتی ہیں جو ان لوگوں کے مطلب کی ہوتی ہیں جو اپنے ہی ملک کے مختلف مقامات یا دنیا کے مقامات کی سیر کرنا چاہتے ہیں۔ گائیڈ بک کا بنیادی مقصد مسافر کو یہ مشورہ دینا یا رہنمائی کرنا ہوتا ہے کہ مقررہ مقام کی سیر کب کی جائے وہاں کیسے پہنچا جائے، کہاں ٹھہرا جائے، کیا دیکھا جائے اور کیا چیز خریدی جائے، سفری گائیڈ میں اس شہر یا ملک میں قابل سیر تاریخی مقامات، میوزیم اور عجائب گھر، پارک، اور دیگر مقامات کی معلومات درج ہوتی ہے۔ دوسرا پہلو جو اس میں شامل ہوتا ہے وہ سفر کا راستہ (روٹ) اور سفر کی سہولتوں، اس مقام کی سیر کے لئے مناسب ترین موسم، ہوٹل، ریسٹورینٹ اور شاپنگ کمپلیکس وغیرہ کی اقسام سے متعلق معلومات ہوتی ہے۔ گائیڈ کے استعمال کو مزید بہتر بنانے کے لئے نقشے، خاکے اور فاصلوں کی تفصیلات بھی فراہم کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ویزا سے متعلق معلومات کرنے کی تبدیلی موسم وغیرہ کی معلومات بھی سیر کرنے والوں کے فائدے کے لئے دی جاتی ہے۔ عام طور پر گائیڈ بک میں کسی علاقے، ملک یا شہر کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ اکثر ملکوں میں حکومتوں کے سیاسی شعبے اپنے ملک میں سیاحت کو فروغ دینے کے لئے سیاحتی گائیڈ بک شائع کرتے ہیں۔ ہندوستان میں اکثر ریاستوں (28 ریاستیں) اور مرکزی حکومت کے زیر انتظام علاقوں میں سیاسی شعبے موجود ہیں۔ جو سیاحتی گائیڈ شائع کرتے ہیں۔ اور سیاحت سے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں۔ ہندوستان کی وزارت سیاحت اور اکثر ریاستی شعبہ ہائے سیاحت نے اپنی ویب سائٹ بھی بنالی ہے۔ یہ ویب سائٹ سائٹس تازہ ترین معلومات فراہم کرتی ہیں۔ چند ویب سائٹس یہ ہیں:۔

http://www.incredibleindia

http://www.delhitourisum.nic.in

کئی مطبوعہ گائیڈ بھی دستیاب ہیں۔ بہت سے ملکوں اور چند بڑے شہروں کی معلومات کے لئے فوڈرس گائیڈ بکس Fodors Guids book مشہور ہیں۔

(http://www.fodors.com)

## 7.12 سوانحی معلومات کے ذرائع

سوانح حیات (biography) اصطلاحاً کسی شخص کی زندگی کے حالات کے متعلق ہوتی ہے۔ جو عام طور پر کسی دوسرے کے ذریعہ لکھی جاتی ہے اور شائع کی جاتی ہے ایسی کتب جن میں مشہور شخصیات کی



نوٹس

## حوالہ جاتی وسائل

سوانحی تفصیلات موجود ہوں وہ سوانحی ذرائع یا متابع ہوتی ہیں۔ اس قسم کے سوانحی متابع میں عالمی قائدین، بین الاقوامی تنظیموں میں اہم عہدوں پر فائز افراد، کھیل کود، موسیقی، ڈانس، اداکاری، اور دیگر پیشہ ورانہ میدانوں مثلاً سائنس وٹیکنالوجی، ادویات وغیرہ میں نمایاں کارکردگی انجام دینے والے افراد کا ذکر کیا جاتا ہے۔ سوانحی ماخذ ایک فرد کی سوانح پر بھی مشتمل ہوسکتا ہے اور چند افراد کی سوانح کے مجموعے پر بھی مشتمل ہوسکتا ہے۔ (جسے سوانحی مجموعہ کہا جاتا ہے) سوانحی مجموعے پر مشتمل کتاب کو سوانحی ڈکشنری بھی کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر The Dictionary of International Biography اس قسم کے ماخذ میں دی جانے والی معلومات مختصر واقعاتی خاکے سے لے کر ہر شخصیت پر مفصل مضمون کی شکل میں بھی ہوسکتی ہے۔ بعض سوانحی ماخذ زندگی کے ہر شعبے سے تعلق میں رکھنے والے معروف افراد کا ذکر کرتے ہیں۔ اس قسم کے وسائل کو ''عام سوانحی ماخذ'' General Biographycial sources کہا جاتا ہے۔ بعض ماخذ میں شامل کے جانے والے افراد کا تعلق کسی ایک ہی شعبہ علم سے یا کسی مخصوص معیار کے تحت کیا جاتا ہے۔ اس قسم کے سوانحی ماخذ کو موضوعاتی مخصوص سوانحی ماخذ کہا جاتا ہے۔ مزید یہ کہ ایک سوانحی ماخذ قومی یا بین الاقوامی سطح کا ہوسکتا ہے۔ اس کا انحصار کتاب میں شامل کیے جانے والے افراد کے دائرۂ اختصاص پر منحصر ہے۔ بعض سوانحی ماخذ صرف زندہ افراد کا ہی ذکر کرتے ہیں۔ مثلا انگریزی میں who, whos جیسی کتابیں جب کہ بعض ماخذ میں زندہ اور مردہ دونوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ جن کتابوں میں متوفی لوگوں کا ذکر کرتا ہے ان کے لیے انگریزی میں who waswho ً نئ کتابیں ہوتی ہیں بعض وسائل میں با حیات اور متوفی دونوں قسم کی شخصیات کے خاکے پیش کے جاتے ہیں۔ مثلاً Biographical websiters Dictionary


سوانحی وسائل کی چند مثالیں:۔

### عام سوانحی ماخذ، بین الاقوامی

who magius ,who, جو کہ who,s,who in the world 2013 ,30rd editing

کے نام سے معروف ہے ایک ایسی امریکی کتاب ہے جو دنیا کے انتہائی قابل ذکر افراد کی سوانحی فراہم کرتی ہے۔ ہر اندراج کے تحت فراہم کی جانے والی معلومات میں شخصی تفصیلات، تعلیم، کارہائے نمایاں اور کسی سوسائٹی کی رکنیت (اگر حاصل ہو) وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے۔ یہ مطبوعہ کتاب آن لائن بھی دستیاب ہے۔

(http://www.marquiswho.com)




شکل:7.24

شکل:7.25

## عام سوانحی ماخذ۔قومی

India who's who,31th Editing 2010.2011 مطبوعہ انفا(INFA) پبلی کیشنز میں زندگی کے تمام شعبوں بشمول سیاست، سول سروسز، تعلیم،فنون،تفریح ، اور کھیل کود سے تعلق رکھنے والے 5000 نمایاں شخصیات کی مختصر سوانح شامل ہیں۔سوانح کا اندراج پیشے کے اعتبار سے کیا گیا ہے۔

### متن پر مبنی سوالات 7.5

1۔ سیاسی،طبعی،اور موضوعی نقشوں کے درمیان فرق کریں۔

2۔ مناسب الفاظ،کا استعمال کرتے ہوئے خالی جگہوں کو بھریں:۔

(a) جو نقشہ بحری جہاز یا ہوائی جہاز چلانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔اسے .................کہا جاتا ہے۔

(b) جو نقشہ ایک کھوکھلے گولے پر چھاپا یا چپکا دیا جاتا ہے،اسے.................کہا جاتا ہے۔

(c) وہ کتاب جو نقشوں کے مجموعے پر مشتمل ہوتی ہے،اسے .................کہا جاتا ہے۔



نوٹس

(d)............جغرافیائی ناموں کی لغت ہوتی ہے۔

(e) رہنما کتابیں (گائیڈ بک) بنیادی طور پر............ کے لئے تیار کی جاتی ہیں۔

(f) وہ لغت جو سوانحی مجموعہ پر مشتمل ہوتی ہے، اسے.................کہا جاتا ہے۔

## آپ نے کیا سیکھا

- حوالہ جاتی ماخذ معلومات حقائق پر مشتمل پوچھے گئے سوالات کے جوابات، اعداد وشمار سے متعلق معلومات اور پس منظر کی معلومات فراہم کرتا ہے یا قاری کی اضافی معلومات کی جانب رہنمائی کرتا ہے۔حوالہ جاتی ماخذ معیاری سطح کے ہوتے ہیں۔جنہیں کوئی شخص مخصوص قسم کی معلومات حاصل کرنے کے لئے استعمال کرسکتا ہے۔

- حوالہ جاتی ماخذ میں لغات، انسائیکلوپیڈیا، سالنامے، المیناک، رہنما کتابیں، ڈائریکٹریاں جغرافیائی اور سوانحی معلومات کے ماخذ شامل ہیں۔

- لغات الفاظ کی وضاحت کرتی ہیں اور انسائیکلو پیڈیا ان الفاظ کے پس منظر کی معلومات فراہم کر تی ہے۔

- عام مفصل لغات زبان کے تمام الفاظ کا احاطہ کرتی ہیں۔اور جیبی لغات متعینہ مضمون میں آنے والے الفاظ کا ہی احاطہ کرتی ہیں۔

- خصوصی نوعیت کی لغات الفاظ کے لسانی یا ادبی پہلو پر یا خاص الفاظ کی اقسام پر بحث کرتی ہے۔

- دولسانی یا کثیر لسانی لغات ترجمہ کی لغات کہلاتی ہیں۔



نوٹس

## حوالہ جاتی وسائل

- انسائیکلو پیڈیا کی دو اقسام ہیں یعنی عام انسائیکلو پیڈیا اور مضامین انسائیکلو پیڈیا یا ایک جلد میں بھی ہوسکتی ہے اور کئی جلدوں پر بھی مشتمل بھی ہوسکتی ہے۔انسائیکلو پیڈیا بالغوں کے لیے، کالج کے طلبا کے لیے، اسکولی بچوں یا چھوٹے بچوں کے لیے بھی ہوسکتی ہے۔ سالنامہ اور المینا ک گزشتہ سال میں پیش آنے والے واقعات اور کسی ملک یا دنیا کے تمام مما لک میں ہونے والی پیش رفتوں کا بیان کرتے ہے۔ سالنامہ اور المینا ک دونوں ہی اعدو شمار سے متعلق معلومات کے سلسلے میں حکومت کے ماخذ پر منحصر ہوتے ہیں۔ دونوں میں بنیادی فرق ہے وہ یہ کہ المینا ک فلکیاتی ڈاٹا پیش کرتے ہیں جبکہ ائیر بک میں یہ چیزیں نہیں ہوتی ہے۔

- ہینڈ بکس (دستی کتابیں) کسی موضوع سے متعلق معلومات پر مشتمل ہوتی ہیں۔ اور انجینئر حضرات اور پیشہ ور حضرات انھیں روزمرہ کے کاموں کے سلسلے میں استعمال کرتے ہیں۔

- مینول (Manual) ایک ہدایات کی کتاب ہوتی ہے جو کسی کام کو انجام دینے یا مشین وغیرہ چلانے کے مرحلہ وار ہدایات فراہم کرتی ہے۔

- ڈائیریکٹری ایک ایسی کتاب ہے جو افراد اور تنظیموں کے نام اور ان کے پتوں کی فہرست فراہم کر تی ہے۔

- جغرافیائی ماخذ معلومات، نقشہ جات، اٹلس، گلوب گزیٹر (جغرافیائی لغات) اور رہنمائے اسفار پر مشتمل ہوتے ہیں۔

- عام حوالہ جاتی زمین کی سطح کی جغرافیائی خصوصیات جیسے پہاڑ، جنگلات، جھیلوں اور ندیوں وغیرہ کی نشاندہی کرتے ہیں۔ موضوعاتی نقشے زمین پر آبادی، بارش جیسی خصوصیات یا کوئلہ معادن، پیٹرول اور دھاتوں وغیرہ جیسے قدرتی وسائل کی تقسیم کو دکھاتے ہیں۔

- گزیٹیر میں کسی جگہ کے مقامات سمندر، پہلاڑ، دریا اور دیگر جغرافیائی مظاہر مذکور ہوئے ہیں اور





ساتھ ہی اس کی تاریخ، معاشی ترقی اس کا جغرافیہ کی تاریخ اس کا جغرافیہ اور وہاں کے لوگوں کا تذکرہ بھی ہوتا ہے۔

- رہنمائے سفر مسافروں /سیاحوں کے لئے تیار کی جاتی ہے۔ تاکہ انھیں معینہ مقامات کے بارے میں فوری عملی معلومات فراہم کی جاسکیں، مثلاً اس مقام کی سیر کا مناسب وقت پر موسم، پہنچنے کے راستے، قیام کی جگہ اور وہاں کے قابل دید مقامات وغیرہ۔

- سوانحی ماخذ معروف شخصیات کی زندگی کی تفصیلات بیان کی جاتی ہے۔

## اختتامی سوالات

1۔ لغت اور قاموس کے درمیان فرق کریں۔ لغت کی قسمیں بیان کریں۔

2۔ جغرافیائی معلومات کے ماخذ کی مختصر وضاحت کریں۔

3۔ انسائکلو پیڈیا کی مختلف اقسام بیان کریں۔

## متن پر مبنی سوالات کے جوابات

**7.1**

1 حوالہ جاتی ماخذ مختصر حقائق کے جوابات، اعداد وشمار سے متعلق معلومات اور پس منظر کی معلومات فراہم کرتے ہیں یا معلومات کے اضافی ماخذ کی جانب طلبا کی رہنمائی کرتے ہیں۔ ماخذ معیاری ماخذ ہوتے ہیں۔ جس سے مخصوص قسم کی معلومات کے حصول کے لیے کیا جا سکتا ہے۔



نوٹس

## حوالہ جاتی وسائل

2۔ عام لسانی لغات کسی زبان کے تمام الفاظ کا احاطہ کرتی ہیں اور الفاظ کے معانی تعریف اور وضاحت اسی زبان میں کرتی ہیں ۔حجم اور قارئین کو ذہن میں رکھ کر عام لسانی لغات کی مزید تقسیم بھی کی جاسکتی ہے۔حجم کے اعتبار سے ایک عام لسانی لغت جامع ،مفصل مختصر، کالج ڈیسک یا جیبی لغت ہوسکتی ہے ۔امکانی طور پر مستفید ہونے والے افراد کے پیش نظر لغت تیار کی جاتی ہے اوراس طرح لغت اسکولی طلبہ کے لیے، ہر درجہ کے طلبا کے لیے اور بالغین کے لیے ہوسکتی ہے۔

3۔ خصوصی نوعیت کی لغات الفاظ کی مخصوص اقسام یا ان کے مخصوص پہلوؤں پر مشتمل ہوتی ہیں۔الفاظ کی مخصوص اقسام میں متروک الفاظ ،مقطعات اور مفعقات وغیرہ شامل ہیں الفاظ کے مخصوص پہلوؤں میں تلفظ،مترادفات ،متضادات ،مقولات محاورے اور کہاوتیں وغیرہ شامل ہیں ۔ان پہلوؤں کا عام لسانی لغت میں بھی احاطہ کیا جاتا ہے تاہم مخصوص لغات ان پہلوؤں کا احاطہ مزید جامع انداز میں کرتی ہیں ۔مخصوص لغات عام انسانی لغات کا تکملہ ہوتی ہے۔

7.2

1۔ ایک عام انسائیکلو پیڈیا کتابوں کا ایک ایسی مجموعہ ہے جو علم کے تمام شعبوں سے متعلق موضوعات پر معلومات فراہم کرتی ہے۔اس میں مضامین کی ترتیب الفبائی انداز میں ہوتی ہے ۔عام انسائیکلو پیڈیا عام معلومات پر ہوتی ہے،مختلف موضوعات پر معلومات فراہم کرتی ہے اور آخر میں کتابیات کی فہرست بھی فراہم کرتی ہے جس سے زیر نظر مضمون پر مزید معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

2۔ عام انسائیکلو پیڈیا کو حجم کے اعتبار سے بھی تقسیم کیا جا سکتا ہے( مثلاً کثیر جلدی انسائیکلو پیڈیا) اور قارئین کے پیش نظر۔مثلاً انسائیکلو پیڈیا برائے بالغان، انسائیکلو پیڈیا برائے طلبہ اور انسائیکلو پیڈیا برائے اطفال۔



نوٹس

3۔ عام انسائیکلو پیڈیا علم کے ہر شعبے کے موضوعات پر معلومات فراہم کرتی ہیں جب کہ مضامین کے اعتبار سے بھی تیار کیا جاسکتا ہے۔انسائیکلو پیڈیا مضمون کے خاص پہلو پر مفصل اور تکنیکی معلومات فراہم کرتی ہیں مثلاً آرٹس، سائنس اور ٹکنالوجی یا سماجی علوم پر مفصل معلومات۔

**7.3**

1۔ سالنامہ ہر سال نظر ثانی کر کے شائع کیا جاتا ہے۔اس میں کسی خاص ملک یا دنیا بھر میں سابقہ سال کے دوران ہونے والے واقعات اور پیش رفتوں کا ریکارڈ ہوتا ہے۔سالنامے اپنے دائرہ کار اور معلومات کی نوعیت کی اعتبار سے بین الاقوامی،قومی اور موضوعاتی ہو سکتے ہیں۔

2۔ سالنامے اور المیناک دنیا کے تمام ممالک یا کسی ایک ملک میں گزشتہ برس کے دوران پیش آنے والے واقعات وحادثات کی تفصیل پیش کرتے ہیں۔سالنامے اور المیناک دونوں کا انحصار اعداد وشمار کے سلسلے میں حکومتی ذرائع پر ہوتا ہے بنیادی فرق دونوں میں یہ ہے کہ المیناک میں فلکیاتی تفصیلات ہوتی ہیں سالنامے ایسا نہیں ہوتا۔

**7.4**

1۔ دستی کتاب کسی بھی موضوع پر مختصر واقعاتی وعملی معلومات فراہم کرتی ہے۔مثلاً اس میں فارمولے، تعریفیں ڈائیگرام اور جدولیں وغیرہ ہوسکتی ہیں۔دستی کتاب کا استعمال انجینئر اور پیشہ ور افراد اپنے روزمرہ کے کاموں میں حقائق کی معلومات حاصل کرنے کے لیے کرتے ہیں دوسری طرف، ہدایتی کتاب (مینول) ہدایات کی کتاب ہوتی ہے جو کسی مخصوص کام کو کرنے یا کسی مشین کو چلانے کے سلسلے میں مرحلہ وار ہدایات فراہم کرتی ہے۔دونوں ہی کتابیں فوری حوالے Ready Reference کا درجہ رکھتی ہیں جو قابل حصول معلومات، اور عمل ہدایات پر مشتمل ہوتی ہے۔

2۔ڈائریکٹری افراد اور تنظیموں کے نام اور پتے کی فہرست پر مشتمل ہوتی ہے۔ڈائریکٹریاں عمومی ہوتی ہیں اور خصوصی بھی ہوتی ہیں۔ٹیلی فون ڈائریکٹری عام ڈائریکٹری مثال ہے۔جو ایک شہر یا قصبے



نوٹس

## حوالہ جاتی وسائل

یا علاقے میں رہنے والے افراد کے نام پتے اور ٹیلی فون نمبر کی فہرست ہوتی ہے۔یہ ڈائریکٹریاں افراد سے رابطہ قائم کرنے میں مدد کرتی ہیں۔مخصوص ڈائریکٹریوں میں تعلیمی وتحقیقی اداروں کی ڈائریکٹریاں، پیشہ ورانہ افراد کی ڈائریکٹریاں اور تجارتی وکاروباری لغات شامل ہیں۔تعلیمی وتحقیقی اداروں ڈائریکٹریاں مختلف موضوعات کے ماہرین کی تحقیقات اور مختلف اداروں کے ذریعے متعارف کرائے گئے کورسوں سے واقفیت میں مدد کرتی ہیں۔تجارتی وکاروباری ڈائریکٹریاں صنعتوں کی نوعیّتوں، ان موضوعات اور خدمات کے بارے میں جانکاری میں معاون ہوتی ہے۔

7.5

1۔ طبعی نقشے زمین کی سطح کے طبعی خواص مثلاً پہاڑ، ندیاں، جھیلوں اوران کے جائے وقوع کی تصویر پیش کرتے ہیں۔ سیاسی نقشے براعظموں پر بنی سرحدوں کوملکوں کو اور ریاستوں کو دکھاتے ہیں۔موضوعاتی نقشے آبادی، بارش، اور قدرتی وسائل کی زمین پر تقسیم کو دکھاتے ہیں۔آبادی بارش قدرتی وسائل وغیرہ کا نقشہ پیش کرتی ہیں۔

2۔ (a) چارٹ۔ (b) گلوب (c) اٹلس (d) گزیٹیر (e) مسافر (f) سوانحی ڈکشنری

## مصطلحات

Antonym :اضداد ایک لفظ جو دوسرے لفظ کی ضد ہو۔

Database :معلومات کا ذخیرہ جس میں موجود معلومات ایک دوسرے سے مربوط ہوں اور جو کمپیوٹر میں انداز سے مرتب ہو اور جس تک آسانی رسائی سے حاصل کی جاسکے۔

Etynology :علم صرف، وہ علم جو لفظ اصل وابتدا اور اس کی تاریخ سے بحث کرتا ہے۔

Synonms : مترادفات، ایسے لفظ جو دوسرے الفاظ کے ہم معنی یا تقریباً ملتے جلتے معنی رکھتے ہوں۔



نوٹس

## مجوزہ علمی کام

1 ۔کسی کتب خانہ میں جائیں اورکسی لغت کو دیکھیں۔اس لغت کا نام ناشر کا نام،اور تاریخ اشاعت لکھ لیں ۔لغت کے آغاز میں اس کو استعمال کرنے کے سلسلے میں جو ہدایات دی گئی ہیں انھیں پڑھیں۔دیکھیں کہ لغت میں الفاظ کوکس انداز میں ترتیب دیا گیا ہے لفظ''Communication'' تلاش کیجئے۔

2۔ لائبریری میں موجود انسائیکلو پیڈیا میں اس کا نام لکھ لیں ۔اگر یہ انسائیکلو پیڈیا کثیر جلدی ہے تو یہ بھی لکھیں کہ اس کی کتنی جلدیں ہیں ۔تحریر کریں کہ اس میں الفاظ کوکس انداز میں ترتیب دیا گیا ہے۔لفظ''Communication'' تلاش کریں ۔ بیان کریں کہ لغت کے مقابلے انسائیکلو پیڈیا کے اندراس لفظ کے سلسلے میں کیا طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔

3۔کتاب خانہ میں جائیں اور دیکھیں کہ حوالہ جاتی کتب کہاں رکھی گئی ہیں ۔لغت ، انسائیکلو پیڈیا، سالنامہ، المیناک ، دستی کتاب، ہدایتی کتاب،اورسوانحی ماخذ میں ہر ایک پر ایک کتاب نکالیں ۔ان کا نام، ناشر کا نام تاریخ اشاعت تحریر کریں ۔